Total printed Page: 8]　　　　　　Roll No................

BAUL-302

Urdu Shayeri

Bachelor of Arts (BA-12/16/17)

Third Year, Examination, 2019

Time : 3 Hours　　　　　　Max. Marks : 80

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصوں الف، ب اور ج پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کریں۔

(حصہ الف)

مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مفصل جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے نمبر 19 ہیں۔　　2x19=38

1۔　مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حصہ کے اشعار کی تشریح سیاق و سباق کی روشنی میں اس طرح کیجئے کہ اس کی فنی خوبیاں واضح ہو جائیں۔

مدعا تیرا اگر دنیا میں ہے تعلیم دیں

ترک دنیا قوم کو اپنی نہ سکھلانا کہیں

وا نہ کرنا فرقہ بندی کے لئے اپنی زباں

چھپ کے ہے بیٹھا ہوا ہنگامہ محشر یہاں

وصل کے اسباب پیدا ہوں تری تحریر سے

دیکھ کوئی دل نہ دکھ جائے تری تقریر سے

محفل نو میں پرانی داستانوں کو نہ چھیڑ

رنگ پر جو اب نہ آئیں ان فسانوں کو نہ چھیڑ

یا

کوچۂ یار عین کاسی ہے　　　جوگیٔ دل وہاں کا باسی ہے

پی کے بیراگ کی اداسی سوں　　　دل پہ میرے سدا اُداسی ہے

اے صنم تجھ جبیں اُوپر یہ خال　　　ہندوی ہر دوار باسی ہے

زلف تیری ہے موج جمنا کی　ِ ی　نزک اس کے جیو سناسی ہے

2۔ اردو نظم نگاری کی تاریخ میں حالی کی اہمیت واضح کیجیے۔

3۔ ولی دکنی کی غزل گوئی کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

4۔ ”نظیر اکبر آبادی کی کلیات میں ہندوستان کا دل دھڑکتا ہوا محسوس ہوتا ہے“
اس قول پر اظہار خیال کیجیے۔

(حصہ ب)

اس حصے سے کسی چار سوال کے جواب دیجیے۔ 4x8=32

5۔ غزل کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟

6۔ مطلع ور مقطع کا مطلب سمجھاے ی ر ۔

7۔ عزیز لکھنوی کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔

8۔ خواجہ میر درد کی غزلوں کے نمایاں اوصاف بیان کیجیے۔

9۔ مجروح سلطان پوری کی غزلوں کی انفرادیت پر روشنی ڈالیے۔

10۔ تشریح کیجیے شاعرا کا نام بتاے ی ر ۔

صناع ہیں سب خوار ازاں جملہ ہوں میں بھی

اس زندگی کرنے کو کہاں سے جگر آوے

11تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بتاے یہ ۔

نیت شب بخیر اے ساقی

بزم جم کیا ہے ساغر جم کیا

12۔ خواجہ میر درد یا علامہ اقبال کی زندگی کے حالات مختصراً بیان کیجئے۔

(حصہ ج)

مندرجہ ذیل تمام معروضی سوالوں کے جواب دیں۔ 10x1=10

13۔ نظم کے بارے میں کون سی بات صحیح نہیں ہے:

(الف) تسلسل خیال ہوتا ہے۔

(ب) ایک موضوع یا خیال ہوتا ہے۔

(ج) وحدت تاثر ہوتی ہے۔

(د) بکھرے بکھرے خیالات ہوتے ہیں۔

14۔ حادثے دونوں یہ عالم میں اہم گزرے ہیں

میرا مرنا تری زلفوں کا پریشاں ہونا

اس شعر کا تخلیق کار کون ہے؟

(الف) عزیز لکھنوی

(ب) جگر مراد آباد

(ج) ولی دکنی

(د) مجروح سلطان پوری

15۔ ان میں سے کون سی نظم نظیر اکبر آبادی نے نہیں لکھی:

(الف) مرثیہ دلی

(ب) آدمی نامہ

(ج) ہولی

(د) ہنس نامہ

16۔ عزیز لکھنوی کس کے ہم عصر رہے ہیں؟

(الف) میر تقی میر

(ب) خواجہ میر درد

(ج) ولی اورنگ آبادی

(د) جگر مراد آبادی

17۔ ان میں سے کون ترقی پسند ادبی تحریک سے وابستہ رہے ہیں:

(الف) نظیر اکبر آبادی

(ب) مجروح سلطان پوری

(ج) سراج اورنگ آبادی

(د) علامہ اقبال

18۔ علی گڑھ تحریک سے کس کی وابستگی رہی ہے؟

(الف) مجروح سلطان پوری

(ب) جگر مراد آبادی

(ج) الطاف حسین حالی

(د) خواجہ میر درد

19۔ 'سید کی لوح تربت' میں سید کون ہے؟

(الف) سر سید احمد خاں

(ب) سید اکبر حسین اکبر الہ آبادی

(ج) میر انیس

(د) سید حامد

20۔ ستون دار پہ رکھتے چلو سروں کے چراغ

جہاں تلک یہ ستم کی سیاہ رات چلے

اس شعر کا خالق کون ہے؟

(الف) جگر مراد آبادی

(ب) علی سردار جعفری

(ج) مخدوم محی الدین

(د) مجروح سلطان پوری

21۔ درج ذیل میں سے کون سا شاعر خودی سے متعلق اشعار کہنے کے لئے مشہور ہے؟

(الف) سراج اورنگ آبادی

(ب) خواجہ میر درد

(ج) علامہ اقبال

(د) جگر مراد آبادی

22۔ 'بانگ درا' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(الف) علامہ اقبال

(ب) حالؔی

(ج) شبلی نعمانی

(د) محمد حسین آزاد

****